سوال

(27)کیاآل بیت کے ساتھ علیہ السلام لکھا جاسکتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیاآل بیت کے ساتھ علیہ السلام لکھا جاسکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اصلا یہ الفاظ انبیاء کرام کے ساتھ خاص ہیں،اور غیر انبیاء کےلئے استعمال کرنے کے بارے اہل علم میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض اہل علم نے مکروہ ،اور بعض نے جائزکہا ہے۔ لیکن راجح بات یہی ہے کہ کبھی کبھار غیر انبیاء کے ساتھ ان الفاظ کو استعمال کیا جا سکتا ہے ، کیونکہ یہ الفاظ السلام علیکم کے معنی میں ہی ہیں،لیکن شرط یہ ہے کہ روافض کی مانند اس کو شعار نہ بنایا جائے ،اوراسے کسی شخصیت کے ساتھ مخصوص نہ کیا جائے ،جیساکہ روافض تمام صحابہ کوچھوڑکر صرف سیدنا علی ،سیدنا حسن اور سیدنا حسین کے ساتھ خاص کرتے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلددوم